## 13246 ـ حدیث ( الاخلاص سرمن سری ) کی صحت

### سوال

اس حدیث قدسی ( الاخلاص سرمن سری ، استودعته قلب من احببته من عبادی ) ( اخلاص میرے رازوں میں سے ایک راز ہے اسے میں اپنے بندوں میں سے اس کے دل میں رکھتا ہوں جسے اپنا محبوب بنا لوں ) کا کیا درجہ ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد لله.

یہ حدیث بہت ہی زیادہ ضعیف ہے یا پھر موضوع ہے ۔

اسے قزوینی نے اپنی " مسلسلات " میں روایت کیا ہے ، حافظ عراقی نے " تخریج احیاء علوم الدین " ( 4 / 365 ) میں کہاہے کہ :

حذیفہ رضي اللہ تعالی عنہ کی روایت سے قزوینی نے اپنی مسلسلات میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں احمد بن عطاء الهجیمی اور عبدالواحدبن زید یہ دونوں راوی متروک ہیں ۔

اوردیلمی نے علی اور ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہم سے " مسند الفردوس " ( 3 / 187 ) میں روایت کیا ہے ۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے اس کے متعلق فتح الباری ( 4 / 109 ) میں حدیث واہ جدا کہا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .